© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

کلمۂ حق

# قرآن وسنت

# کی بالادستی کی آئینی ترمیم

قومی اسمبلی اور سینیٹ نے آئین میں بارھویں ترمیم کا بل منظور کر لیا ہے جو اس وقت توثیق کیلئے صدر مملکت کے پاس ہے آئین میں ترمیم کا یہ بل حکومت کس شکل میں منظور کرانا چاہتی تھی اور مختلف اطراف کے دباؤ کی وجہ سے اس نے کیا شکل اختیار کر لی ہے اس بحث میں پڑے بغیر ایک بات بہرحال واضح ہو گئی ہے کہ حکومت کو پارلیمنٹ میں یہ پوزیشن حاصل ہے کہ وہ آئین میں ترمیم سمیت کوئی بھی فیصلہ اس سے حاصل کر سکتی ہے اس کے ساتھ ہی دینی حلقوں کی طرف سے حکومت کو اس وعدہ کی یاد دہانی کا سلسلہ بھی شروع ہو گیا ہے جو قرآن وسنت کی بالادستی کے لیے آئین میں ترمیم کے بارے میں اس کی طرف سے کیا گیا تھا اور بجا طور پر یہ مطالبہ کیا جا رہا ہے کہ حکومت بلا تاخیر اس وعدہ کا ایفاء کرتے ہوئے قرآن وسنت کی بالادستی کیلئے آئین میں ترمیم کا بل منظور کرائے۔ اس سلسلہ میں اب تک ہونیوالی پیش رفت کا تسلسل کچھ اس طرح ہے کہ۔

● اسلامی نظریاتی کونسل نے "شریعت بل" کے بارے میں اپنی رپورٹ میں سفارش کی کہ قرآن وسنت کی بالادستی کے لیے آئین میں باقاعدہ ترمیم کی جائے۔

● قومی اسمبلی نے ایک متفقہ قرارداد کے ذریعہ قوم سے یہ وعدہ کیا ہوا ہے کہ وہ قرآن وسنت کی بالادستی کے لیے آئین میں ترمیم کا بل منظور کرے گی۔

● سینیٹ آف پاکستان نے نویں آئینی ترمیم بل کی صورت میں قرآن وسنت کی بالادستی کا آئینی بل منظور کر لیا تھا جو مقررہ مدت کے اندر قومی اسمبلی میں پیش نہ کیے جانے کی وجہ سے غیر مؤثر ہو کر رہ گیا۔

● آئی۔ جے۔ آئی کی موجودہ حکومت کے برسر اقتدار آنے کے فوراً بعد لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن نے ایک متفقہ قرارداد کے ذریعہ اس سے مطالبہ کیا کہ قرآن وسنت کی بالادستی کیلئے آئین میں ترمیم کی جائے۔

● وزیراعظم میاں محمد نواز شریف نے ایوان میں اپنے خطاب کے دوران دوٹوک انداز میں اعلان کیا کہ قرآن وسنت کی بالادستی کے لیے آئین میں ترمیم کا بل پیش کیا جائے گا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ان واضح اعلانات و مواعید کے بعد حکومت کے لیے اس کے سوا کوئی چارۂ کار نہیں ہے کہ وہ قرآن و سنت کی بالادستی کی آئینی ترمیم پارلیمنٹ سے منظور کرانے کے لیے سنجیدگی کے ساتھ پیش رفت کرے تاکہ اسلامائزیشن کے بارے میں اس کی پالیسیوں کے حوالہ سے پائے جانے والے شکوک و شبہات کا خاتمہ ہو سکے۔

## آہ! مولانا حافظ عبد الرحمٰن قاسمی رحؒ

پیر طریقت حضرت مولانا غلام حبیب نقشبندی قدس اللہ سرہ العزیز کے جانشین اور دار العلوم حنفیہ چکوال کے مہتمم مولانا حافظ عبد الرحمٰن قاسمی گذشتہ دنوں اچانک دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن

ان کی عمر چالیس سال تھی اور حال ہی میں حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد وطن واپس لوٹے تھے مدینہ منورہ میں بھی انہیں دل کا دورہ پڑا لیکن طبعیت سنبھل گئی اور وطن واپسی کے چند روز بعد ہی وہ جہانِ فانی سے کوچ کر گئے۔

مولانا قاسمی مرحوم بے باک مقرر، انتھک سیاسی راہنما اور حق گو عالمِ دین تھے انہوں نے جمعیۃ علماء اسلام کے پلیٹ فارم پہ تحریک ختم نبوت، تحریکِ نظام مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور تحریک نفاذِ شریعت میں سرگرم کردار ادا کیا اور سماجی میدان میں بھی اپنے شہر اور علاقہ کے عوام کی مسلسل اور بے لوث خدمت کی اللہ تعالیٰ انکی دینی و قومی خدمات کو قبولیت سے نوازیں سیئات سے درگزر فرمائیں، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام پر سرفراز کریں اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائیں آمین۔

## میاں اقبال حسین رحؒ کا وحشیانہ قتل

جھنگ میں سپاہ صحابہؓ کے صوبائی امیدوار میاں اقبال حسینؒ کو گذشتہ روز وحشیانہ طریقہ سے قتل کر دیا گیا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ جھنگ میں جاگیردارانہ سیاست کے تحفظ کیلئے قتل و غارت کا جو بازار گرم ہے اسے کنٹرول کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے ہم اس صدمہ میں میاں اقبال حسین شہید کے اہل خاندان اور سپاہ صحابہؓ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور شہید کے درجات کی بلندی کیلئے دعا گو ہیں۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com